**شگاگو پبلک اسکولز طریقہ کار اور رہنما اصول -**
**توسیع شدہ تعلیمی سال (ESY) (IEP سیکشن 14)**

**مقصد**

توسیع شدہ تعلیمی سال ESY سروسز ان معذوری کے حامل طلباء کو اسپیشل ایجوکیشن اور متعلقہ سروسز شکاگو پبلک اسکول کے عام تعلیمی سال سے بڑھ فراہم کرتی ہے جنہیں ایک مفت مناسب پبلک ایجوکیشن ("FAPE") وصول کرنے کے ان سروسز کی ضرورت ہوتی ہے۔ ESY کا بنیادی مقصد اہم مہارتوں کے ضائع ہونے سے بچانا ہے جن کا سبب توسیع شدہ عرصے میں جن دنوں اسکول کا سیشن نہیں ہوتا اس دوران اسپیشل ایجوکیشن اور متعلقہ سروسز میں واقع ہونے والا انقطاع ہوتا ہے۔

**مندرجات**

اس پیکٹ میں مندرجہ ذیل دستاویز بندی شامل ہے:

- طریقہ کار - مرحلہ وار تفصیل کہ پورے ڈسٹرکٹ میں ESY سروسز کا کیسے تعین کیا جاتا ہے۔
- کردار اور ذمہ داریاں – ایک طالب علم کے لئے ESY سروسز کے تعین کے عمل میں شامل عملے کا کردار اور ذمہ داریوں کا مجموعی تجزیہ
- اہلیت کا معیار – ایک معیار جسے یہ تعین کرتے وقت زیر غور لایا جاتا ہے کہ آیا طالب علم کو FAPE حاصل کرنے کے لئے ESY سروسز کی ضرورت ہے

**طریقہ کار**

## IEP کی میٹنگ سے قبل

1. کیفیتی اور مقداری ڈیٹا[1] کو، جیسا کہ اہلیت کے معیار میں بیان کیا گیا ہے، طالب علم کے ٹیچر(ٹیچرز) اور/یا متعلقہ خدمات فراہم کنندہ(کنندگان) کے ذریعے جمع کیا جاتا ہے۔ ڈیٹا کو SSM میں ESY ڈیٹا جمع کرنے کے فارم میں دستاویزی شکل دی جاتی ہے۔

## IEP میٹنگ میں

2. IEP کا ESY سیکشن مندرجہ ذیل سوال پوچھے گا: کیا IEP کی ٹیم ان ESY سروسز پر غور کرتی ہے جن کی طالب علم کو ضرورت ہو سکتی ہے؟
    a. اگر IEP کی ٹیم کیفیتی اور مقداری ڈیٹا اور دیگر معلومات کی بنیاد پر "نہیں" کا جواب دیتی ہے، تو IEP کہے گا: "[طالب علم] کو ESY سروسز تجویز نہیں کی گئی ہیں۔"
    **نوٹ:** اگر کیفیتی اور مقداری ڈیٹا اور دیگر معلومات بعد میں جمع ہو جائیں اور ESY کی ممکنہ ضرورت کی عکاسی کرتی ہیں، تو ESY سروسز کی ضرورت کا جائزہ لینے کے لئے تعلیمی سال کے اختتام سے قبل IEP کی ٹیم کو دوبارہ بلانا چاہئیے۔
    b. اگر IEP کی ٹیم "ہاں" میں جواب دیتی ہے تو درج ذیل سوال پوچھا جائے گا: یہ تعین کرنے کے لئے کہ آیا طالب علم کو ESY سروسز کی ضرورت ہے کیا IEP ٹیم کے پاس کیفیتی اور مقداری ڈیٹا موجود ہے؟
        i. اگر IEP کی ٹیم "نہیں" میں جواب دیتی ہے، تو IEP کہے گا: "جب تک کیفیتی اور مقداری ڈیٹا جمع نہیں کر لیا جاتا ہے ESY فیصلے کا تعین نہیں ہو سکتا ہے۔ ایک بار ڈیٹا جمع ہو جانے پر، ESY سروسز پر بات کرنے کے لئے IEP ٹیم کو دوبارہ طلب کرنا چاہئیے۔ اگر IEP ٹیم "ہاں" میں جواب دیتی ہے، تو مرحلہ 3 پر آگے بڑھیں۔

3. ESY گرڈ IEP سے اہداف کے ساتھ خودکار طریقے سے تصفیہ کرتی ہے۔ IEP کی ٹیم کو پھر ESY کے دوران بات چیت میں آسانی کے لئے اہلیت کے معیار کا استعمال کرتے ہوئے یہ تعین کرنا چاہئیے کہ ان میں سے کون سے اہداف کا احاطہ کرنے کی ضرورت ہے۔ IEP ٹیم کو ESY سروسز کے تعدد (منٹس فی ہفتہ) اور دورانیہ کا بھی تعین کرنا چاہئیے۔

4. طالب علم کے والدین/سرپرست سے سوال کے جواب میں "ہاں" یا "نہیں" منتخب کر کے ESY سروسز کو قبول یا مسترد کرنے کا لازمی کہا جائے گا: "کیا والدین ESY سروسز کو قبول کرتے ہیں اور [طالب علم] کو ESY بھیجنے کا عزم کرتے ہیں؟"
    a. اگر والدین/سرپرست "ہاں" کو منتخب کر کے ESY سروسز کو قبول کرتے ہیں، تو IEP کہے گا:

---

[1] کیفیتی اور مقداری ڈیٹا مختلف مفہوم رکھتا ہے جو اس پر منحصر ہے کہ کس معیار پر IEP کی ٹیم طالب علم کے لئے ESY سروسز کا اہل بنانے کے بارے میں غور کر رہی ہے۔

- پیچھے رہ جانے/کمی پوری کرنے کے تناظر میں کیفیتی اور مقداری ڈیٹا سے مراد وہ ڈیٹا ہے جو کہ ایک مخصوص مہارت/ہدف جس پر گرمیوں، سردیوں، اور/یا بہار کی چھٹیوں سے پہلے ESY کے حقوق کے لئے غور کیا جا رہا ہے ان میں طالب علم کی مہارت کی سطح دکھا رہا ہو؛ طالب علم جب چھٹیوں سے واپس آئے تو اس کی مہارت کی سطح؛ اور ایک عرصے تک اس کی مخصوص مہارت/ہدف میں پیش قدمی کی نگرانی کی سطح، مثال کے طور کمی پوری کرنے کا مظاہرہ کرنے کے لئے نئے اسکول کے ابتدائی 30 تعلیمی دن۔
- مہارتوں میں بہتری کے اہم مرحلے پر کیفیتی اور مقداری ڈیٹا کا مطلب ہے IEP کے اجلاس کے وقت ESY کے لئے زیر غور مخصوص مہارتوں میں مہارت کی سطح کو شناخت کرنے والا ڈیٹا، اور ڈیٹا جو کہ ظاہر کر رہا ہو کہ گرمیوں کی چھٹیاں کیوں طالب علم کی مخصوص مہارت/ہدف میں خاطرخواہ خلل کا سبب بنتی ہیں۔
- مخصوص حالات کے لئے کیفیتی اور مقداری ڈیٹا اسکول کے وقت میں غیر حاضری کی مقدار بیان کرتا ہے، مثلاً 10 یا اس سے زیادہ تعلیمی دن، غیر حاضری کی وجہ، اور یہ کہ غیر حاضری کے دوران اسپیشل ایجوکیشن اور/یا متعلقہ سروسز کیوں فراہم نہیں کی جا سکتی۔

"[طالب علم] ESY سروسز کیلئے اہل ہے۔ اگر [طالب علم] جون کے IEP رپورٹ کارڈ پر اپنے ہدف/بنچ مارکس کو پورا کرتا ہے، تو ESY کے دوران اس ہدف کا احاطہ نہیں کیا جائے گا۔ اگر ESY کے دوران صرف اسی ہدف کا احاطہ مقصود ہے، تو [طالب علم] مزید ESY کا اہل نہیں ہوگا۔

b. اگر طالب علم کے والدین/سرپرست "نہیں" کو منتخب کرکے ESY سروسز سے انکار کرتے ہیں، تو IEP کہے گا: "[طالب علم] ESY سروسز کے لئے اہل ہیں، لیکن والدین نے اس وقت خدمات کو قبول نہیں کیا ہے۔"

**نوٹ:** مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کا نمائندہ والدین کی IEP سروسز لیٹر کی عدم قبولیت کا پرنٹ نکالے گا، والدین/سرپرست کو اس پر دستخط کرنے کا کہے گا، اور اس خط کو SSM میں اپ لوڈ کیا جائے گا۔

---

**مابعد- IEP میٹنگ**

---

5. اگر والدین/سرپرست مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کے نمائندے کو IEP کے اجلاس کے بعد (زبانی یا تحریری) طور پر اطلاع دیتے ہیں کہ انہوں نےESY کو عدم قبولیت کے حوالےسے اپنا ذہن بدل لیا ہے، تو والدین کے ESY سروسز قبول کرنے کے نئے فیصلے کی عکاسی کے لئے IEP پر نظر ثانی کی جانی چاہئیے ذیل میںIEP کے نظر ثانی کے لئے اجلاس کے حوالے سے تحفظاتی طریقہ کار ہے۔

6. تیسری سہ ماہی کے آخر تک ESY کے اہل ہونے کا تعین کردہ تمام طلباء پر مشتمل ایک رپورٹ کو مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کے نمائندے کے جائزے کے لئے SSM کی طرف سے تیار کیا جاتا ہے۔

7. مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کا نمائندہ رپورٹ کا جائزہ لیتا ہے، ان طلباء کی جانچ کرتا ہے جنہوں نے ESY ہدف(اہداف) پر مکمل اور/یا متوقع پیشرفت کی ہے۔

**نوٹ:** اگر ESY ملنے کے دورانیہ میں صرف یہی ہدف(اہداف) کا احاطہ کرنا ہو، تو مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کا نمائندہ والدین/سرپرست(سرپرستوں) سمیت، IEP ٹیم کو مطلع کرتا ہے، اور ڈیٹا یا دیگر دستاویز بندی مہیا کرے گا جو ہدف کی مہارت کو ظاہر کرتے ہوں۔ اگر طالب علم ESY اہداف میں دسترس حاصل کر لیتا ہے، تو مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کا نمائندہ IEP ٹیم کو جتنی جلدی ممکن ہو بات چیت کے لئے دوبارہ بلاتا ہے۔

8. اگر طالب علم اہل ہے اور والدین/سرپرست نے IEP میٹنگ میں ESY سروسز قبول کر لی ہیں، تو مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کا نمائندہ ESY والدین کی قبولیت کا خط طالب علم کے گھر بذریعہ ڈاک بھجوا دے گا۔

a. جواب کو واپس بھیجے گا اور SSM میں اپ لوڈ کرے گا اور 1 جون تک طالب علم کی SSM دستاویزات کے ساتھ منسلک کرے گا۔ اگر والدین/سرپرست "ہاں" میں جواب دیتے ہیں تو مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کا نمائندہ طالب علم کے پروفائل صفحہ میں نشاندہی کرتا ہے وہ ESY میں شرکت کرے گا۔

b. مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کا نمائندہ SSM میں والدین کی قبولیت کی نشاندہی کرتا ہے۔

## کردار اور ذمہ داریاں

### IEP ٹیم کے اسکول اراکین

*عمومی تعلیم ٹیچر(ٹیچرز)، اسپیشل ایجوکیشن ٹیچر(ٹیچرز)، متعلقہ خدمات فراہم کنندہ(کنندگان)، مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کا نمائندہ*

- ESY ڈیٹا جمع کرنے کے فارم میں کیفیتی اور مقداری ڈیٹا جمع کریں گے، جیسا کہ اہلیت کے معیار میں بیان کیا گیا ہے۔
- یقینی بنائیں گے کہ ESY ڈیٹا جمع کرنے کے فارم میں داخل کردہ کیفیتی اور مقداری ڈیٹا عین درست اور مناسب ہے۔
- اہلیت کے معیار کو استعمال کرتے ہوئے ہر IEP کے ہدف کے لئے IEP ٹیم کے طالب علم کی ESY سروسز کی اہلیت کے تعین میں حصہ لیں گے۔

### مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کا نمائندہ

- ESY کے اہل طلباء کی SSM کی تیار کردہ رپورٹ کا جائزہ لے گا اور والدین/سرپرست(سرپرستوں) سمیت IEP کی ٹیم سے رابطہ کرے گا، بشرط طالب علم نے یہ تعین کرنے کے لئے کہ آیا طالب علم کو ابھی بھی ESY سروسز کی ضرورت ہے کا ایک اجلاس شیڈول کرنے کے لئے ESY کے دوران ان اہداف کو پورا کر لیا ہے جن پر کام کرنا تھا۔
- اگر طالب علم اہل ہے اور والدین/سرپرست نے IEP اجلاس میں ESY سروسز قبول کی ہیں، تو یکم جون تک ESY والدین کی قبولیت کا خط ارسال کریں۔ SSM میں دستاویز کا جواب

### والدین/سرپرست(صاحبان)

- اہلیت کے معیار کو استعمال کرتے ہوئے ہر IEP کے ہدف کے لئے IEP ٹیم کے طالب علم کی ESY سروسز کی اہلیت کے تعین میں حصہ لیں گے۔
- اگر IEP ٹیم یہ تعین کرتی ہے کہ طالب علم ESY سروسز کا اہل ہے، تو IEP میٹنگ میں ESY سروسز کو قبول یا انکار کریں۔ اگر ESY سروسز مسترد کر دی جاتی ہیں، تو IEP سروسز لیٹر کی والدین کی عدم قبولیت کو مکمل کریں۔
- اگر طالب علم ESY سروسز کا اہل ہے اور IEP اجلاس میں خدمات قبول کی تھیں، تو ESY والدین کی قبولیت کا خط مکمل کریں اور واپس کریں۔
- اگر مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کا نمائندہ اسکول کے آخری دن سے پہلے ESY کے دوران احاطہ کرنے کے لئے ہدف(اہداف) پر دسترس حاصل کرنے کا نوٹس فراہم کرتا ہے، تو اس پر بات چیت کرنے کے لئے IEP کے اجلاس میں شرکت کریں کہ آیا طالب علم کو مزید ESY سروسز کی ضرورت ہے۔

## اہلیت کا معیار

معذوری کے حامل تمام طلبا کو سالانہ بنیادوں پر ESY سروسز کے لئے زیرغور لایا جانا چاہئیے۔ توسیع شدہ تعلیمی سال اس وقت ضروری ہو سکتا ہے جب ایک طالب علم ممکنہ طور پر تعلیم میں طے شدہ چھٹیوں کے عرصے میں خود انحصاری اور آزادی حاصل کرنا سیکھنے میں پیچھے رہ جاتا ہے۔
IEP ٹیم صرف اس وقت یہ فیصلہ کر سکتی ہے کہ معذوری کے حامل طالب علم کو FAPE وصول کرنے کے لئے ESY سروسز کی ضرورت ہو سکتی ہے جب کہ دستاویز بندی یہ ظاہر کر رہی ہو کہ درج ذیل معیار میں سے **ایک یا زائد** پورے ہو رہے ہیں:

---

### معیار 1: رجسٹریشن/کمی پوری کرنا

---

طالب علم بمقابلہ معذوری سے پاک طالب علم:
- IEP کے مخصوص کردہ اہداف سے متعلق معلومات/مہارتوں کو گرمیوں، سردیوں اور/یا بہار کی چھٹیوں یا پڑھائی کے دوران دیگر چھٹیوں میں ضیاع؛ اور
- IEP کے مقرر کردہ اہداف سے متعلقہ معلومات/مہارتوں میں کمی پوری کرنے کے لئے اسے زیادہ وقت درکار ہے۔

**نوٹ:** ''پیچھے رہ جانا'' کی تعریف اسکول کی طے شدہ چھٹیوں کے دوران سیکھی گئی مہارتوں میں تعلیم یا حاصل کردہ معلومات جو کہ طالب علم کے IEP کے اہداف میں مخصوص کئے گئے ہیں ان کے نقصان کے تخمینے کے طور پر کی گئی ہے۔ ''کمی پوری کرنا'' اسکول کی پڑھائی شروع ہونے کے بعد ان مہارتوں کے حوالے سے نقصان کو پورا کرنے کے لئے مطلوبہ وقت کی مقدار ہے۔ تمام طالب علم عام طور پر ہر تعلیمی سال کی ابتدا میں گذشتہ سیکھی گئی مہارتوں کے تجزیے اور دوبارہ پڑھائے جانے پر وقت صرف کرتے ہیں۔ ISBE کی دیرینہ رہنمائی یہ مشورہ دیتی ہے کہ تجزیہ اور دوبارہ تدریس تعلیمی سال کے پہلے 30 تعلیمی دنوں سے زائد نہیں ہونی چاہئیے۔

---

### معیار 2: بہتری کے اہم مرحلے پر مہارتیں

---

جب ایک طالب علم ایک ایسی مہارت جو کہ اس کی تعلیمی اور عملی کارکردگی یا خود انحصاری میں اضافہ کر سکتی ہے میں بہتری کے حوالے سے اہم مرحلے پر ہوتا ہے، اور تعلیمی سال کے اختتام پر اسے مکمل طور پر حاصل یا اس میں مہارت نہیں حاصل کر سکا ، تو ممکنہ طور پر وہ خصوصاً گرمی کی چھٹیوں میں، تعلیم میں پیدا ہونے والے انقطاع کی وجہ سے ابتدائی مہارتیں ضائع کر چکا ہے۔

اسپیشل ایجوکیشن کے ٹیچر(ٹیچرز) اور متعلقہ سروسز کے فراہم کنندہ(فراہم کنندگان) ایک مخصوص کردہ مہارت/ہدف جو کہ طالب علم کی ESY کے لئے ممکنہ ضرورت سے متعلقہ ہے اس کا کیفیتی اور مقداری ڈیٹا جمع کریں گے۔ ڈیٹا لازمی طور پر ظاہر کر رہا ہو کہ درج ذیل میں سے **ہر ایک** پورا ہو رہا ہے:

A. مخصوص مہارت/ہدف طالب علم کو اپنی تعلیمی اور عملی کارکردگی یا خود انحصاری میں اضافے کے قابل بنائے گی۔ ان مہارتوں کی مثالوں میں یہ شامل ہیں لیکن انہی تک محدود نہیں:
- مواصلات کی صلاحیت حاصل کرنا، مثلاً، عملی نشانات، مواصلات کی ڈیوائس، بریلے؛
- بیت الخلاء کو خود سے استعمال کرنا؛
- کھانے میں خود انحصاری؛
- نقل و حرکت میں خود انحصاری؛
- تعلیمی؛
- رویہ؛ یا
- دیگر؛

B. پیش رفت کی نگرانی کے ڈیٹا کی دستاویز بندی کے مطابق مخصوص مہارت/ہدف بہتری کے اہم مرحلے پر ہیں؛ اور
C. پیش رفت کی نگرانی کے ڈیٹا کی دستاویزبندی کے مطابق سروسز میں انقطاع مخصوص مہارت/ہدف میں مہارت کے مواقع ضائع کرنے کا سبب بنتا ہے۔

**نوٹ:** IEP ایک اطلاع مہیا کرے گی کہ تعلیمی سال پورا ہونے سے قبل طالب علم نے ESY کے دوران بہتری کے اہم مرحلے میں موجود مہارت سے متعلق ہدف حاصل کر لیا ہے، اس ہدف کے لئے اب مزید ESY کی ضرورت نہیں۔ اگر طالب علم نے بہتری کے اہم مرحلے میں موجود تمام مہارتوں پر دسترس حاصل کرنے کا ہدف حاصل کر لیا ہے، *تو مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کا نمائندہ اس بات کی تعین کاری کے لئے کہ آیا طالب علم کو ابھی بھی ESY سروسز کی ضرورت ہے IEP کا اجلاس ترتیب دے گا۔*

---

**معیار 3: خصوصی حالات**

---

خصوصی حالات منفرد حالات ہوتے ہیں جو کہ طالب علم کی اسپیشل ایجوکیشن اور متعلقہ سروسز دینے میں شامل یا اثر انداز ہوتے ہیں اور نتیجتا اس میں ایک خاطر خواہ خلل پیدا ہوتا ہے اور کیس کی بنیاد پر کی IEP ٹیم کی جانب سے زیر غور لائے جاتے ہیں۔ خصوصی حالات میں شامل ہے، طالب علم نے ایک دماغی یا جسمانی حالت کی وجہ سےاسکول سے طویل غیر حاضری کا سامنا کیا اور بے گھر ہونے یا سرپرست کی تبدیلی کی وجہ سے گھر/اسپتال میں تعلیمی سروسز یا منتقلیاں حاصل کرنے کے قابل نہیں رہا جس نے طالب علم کی تعلیم پر اثر ڈالا، لیکن یہ اسی تک محدود نہیں۔

اسپیشل ایجوکیشن ٹیچر(ٹیچرز) اور متعلقہ سروس فراہم کنندہ(کنندگان) جب درج ذیل میں سے کوئی **ایک** پورا ہو رہا ہو تو کیفیتی اور مقداری ڈیٹا حاصل کریں گے جو کہ خصوصی حالات کی موجودگی ظاہر کر رہا ہو:

A. تعلیمی سال کے دوران، طالب علم کی ذہنی یا جسمانی حالت کے نتیجے میں بنا گھر/اسپتال میں سروسز اسکول سے غیر حاضری ہوئی؛
B. طالب علم نے اسپیشل ایجوکیشن اور/متعلقہ سروسز کی ڈیلیوری میں خاطر خواہ خلل کا سامنا کیا، مثال کے طور پر، بے گھر ہونے یا سرپرستی کی تبدیلی کی وجہ سے نقل مکانی؛ یا
C. ایک مقررہ سماعتی فیصلے کا عمل، یا حل تلاش کرنے کا سیشن، ثالثی، یا دیگر تصفیے کا معاہدہ، طالب علم کو ESY سروسز لینے کے لئے طلب کر سکتا ہے۔

جب طالب علم کی غیرحاضری، ٹیچر کی غیرحاضری وغیرہ کی وجہ سے **تمام** کیفیتی یا مقداری ڈیٹا جمع نہ ہو سکے، تو IEP ٹیم کو ESY کی تعین کاری کے لئے ان وجوہات کی دستاویز بندی کرے گی کہ مطلوبہ ڈیٹا کیوں جمع نہیں کیا گیا اور دیگر متعلقہ معلومات کا تجزیہ کرنا چاہئیے (مثال کے طور پر، پیش رفت کی نگرانی کا ڈیٹا، عملے یا والدین/سرپرست کا ان پٹ)۔

# ESY اکثر پوچھے جانیوالے سوالات

1. **اسکول کی ٹیمیں ESY ڈیٹا کو کس طرح اور کہاں ٹریک کر رہی ہیں؟**
ESY اہلیت کے لئے مطلوب کیفیتی اور مقداری ڈیٹا کا ایک خلاصہ کو SSM پر ESY ڈیٹا جمع کرنے کے فارم میں داخل کرنے کی ضرورت ہوگی۔ ٹیچرز جو کیفیتی اور مقداری ڈیٹا جمع کرنے کے لئے اپنے خود کے پیشرفت نگرانی کے فارمز استعمال کرتے ہیں جیسا کہ وہ پیشرفت مانیٹر IEP اہداف، اس معلومات کو SSM میں اپ لوڈ کرنے کے اہل ہیں۔

2. **اگر ڈسٹرکٹ سے باہر کے کسی طالب علم کو اس کے IEP پر ESY نشاندہی کردہ کے ساتھ ڈسٹرکٹ کے اندر منتقل کر دیا جاتا ہے، تو IEP کی ٹیم کو کیسے آگے بڑھنا چاہئیے؟**
جیسا کہ تمام معاملات میں ہوتا ہے، IEP کی ٹیم ODLSS طریقہ کار مینول – دیگر اسکول ڈسٹرکٹس سے منتقل ہونے والے معذوری کے حامل طلباء سیکشن میں بیان کردہ عمل کی پیروی کرے گی۔ نئے اسکول میں IEP ٹیم ڈسٹرکٹ اراکین کو کیفیتی اور مقداری ڈیٹا لازمی جمع کرنا چاہئیے تاکہ یہ تعین کیا جا سکے کہ آیا ESY کی اہلیت کا تعین مذکورہ بالا اہلیت کے معیار کی مطابقت میں موزوں رہتا ہے۔ اگر ضروری ہو، تو سابقہ اسکول ڈسٹرکٹ کے ESY فیصلے پر نظرثانی کے لئے ایک IEP میٹنگ طلب کرنی چاہئیے۔

3. **خاندانوں کو اپنے بچے کے لئے ESY مقام کے محل و وقوع کے بارے میں کیسے مطلع کیا جائے گا؟**
والدین کو اپنے بچے کے ESY مقام کے محل و وقوع کے بارے میں ESY والدین کی قبولیت کے خط میں مطلع کیا جائے گا جو اندازاً یکم جون سے پہلے بھیج دیا جائے گا۔

4. **ESY سروسز کی درخواست کرنے والے والدین کو اسکول کیسے جواب دے گا؟**
کیفیتی اور مقداری ڈیٹا اور دیگر متعلقہ معلومات پر مبنی، تمام ESY فیصلے والدین سمیت، IEP ٹیم کے ذریعے طے کیے جاتے ہیں۔ اہلیت کے معیار پر والدین کے ساتھ بات کرنی چاہئیے۔ IEP ٹیم ان ESY طریقہ کار اور رہنما اصول پر عمل کرتے ہوئے تعین کرتی ہے۔